جناب چیئرمین: سب سے پہلے تو فاضل وزیر صاحب let me correct you in one statement where you said that the Vice Chancellor and the Deans are present in the gallery today to see what decision the Senate takes. The Senate believes in the autonomy of all the universities. We are not here to take a decision. The Calling Attention Notice was brought on the Orders of the Day so that the attention of the Government is drawn and the Government should be asked to look at this situation. So, we are not infringing upon the autonomy of the universities. We believe that as a cardinal principle and we stand by that, No. 1. No. 2

is, as you said, this is a very serious issue. In the ordinary circumstances perhaps we would not and even asked for you to intervene or Mushahid sahib, who is member of the syndicate. If there is an appeal that has been made by the students to look at it and reconsider it through the proper course that is available of an appeal. But you see the question is that when you have incidences, جیسے مشال خان کا incident تھا، وہاں پر بھی انتظامیہ کو پہلے علم تھا، پولیس campus میں موجود تھی لیکن پولیس نے act نہیں کیا۔ یہاں پر as per your own statement انتظامیہ کو علم تھا۔ آپ نے کہا کہ کچھ Deans وہاں پر پہنچے بھی، پولیس بھی موجود تھی تو آپ مجھے یہ بتائیں کہ اتنے بڑے اجتماعات کو پولیس باہر روک لیتی ہے۔ یونیورسٹی کے اندر وہ بلوچ طلباء کو اوپر چھت پر جانے سے نہیں روک سکتی تھی، I am not ready to believe this. میرا مطلب یہ ہے کہ دونوں یونیورسٹیوں میں ایسی situation ہوئی کہ انتظامیہ کو بھی علم تھا، پولیس بھی موجود تھی اور پولیس کو بھی علم تھا، incidents ہو گئے ہیں اور پھر کہا جاتا ہے کہ ان سب کو علم تھا لیکن incidents ہو گئے ہیں۔

تیسری بات یہ ہے کہ آپ کی یہ بات درست ہے کہ پنجاب یونیورسٹی کا اپنا charter ہے لیکن جب آپ وفاق میں موجود ہوں اور وفاق کے اندر ایسے double standards آپ کے سامنے آئیں کہ ایک طرف، پنجاب یونیورسٹی میں بھی ethnic question تھا، I don't like raising these issues but this is the House of Federation and this House must learn to create reality. وہاں پر بھی ethnic question تھا لیکن وہاں پر بھی ethnic question کو deal نہیں کیا گیا، ایک بات۔

دوسری بات، جب ریاست از خود right-wing extremist parties کے دورانیے کو encourage کرے گی تو پھر یہ چیزیں موجود ہوں گی۔ میرے حساب سے یہ direct consequence ہے جو آپ، آپ سے میرا مطلب آپ کی حکومت نہیں ہے، یہ تو ضیاء کے وقت میں ہوا، لیکن یہ direct consequence ہے جو student unions ban ہوئیں۔

جبstudent unions موجود تھیں تو چاہے وہ سندھی ہو، چاہے وہ بلوچی ہو، چاہے وہ پنجابی ہو، چاہے وہ مہاجر ہو، چاہے وہ پٹھان ہو، وہ پہلے ایکstudent union میں موجود ہوتا تھا۔ آپ نے student unions کو ban کیا تو آپ نے ethnicity پر تنظیموں کو یونیورسٹیوں میں جنم دینے کی اجازت دی۔

The Secretariat is directed, it has been pending with for a very long time, immediately after Eid, before the session, the Committee of the Whole which is seized with the question of student unions should be called and the Senate should take a decision either way whether it endorses student unions or it does not endorse student unions. Let this issue be decided once and for all. It has been pending with us for a very long time. So, immediately after Eid, Committee of the Whole

کی آپ میٹنگ رکھیں۔ میں آپ سے درخواست کروں گا کہ آپ اس مسئلے کو مہربانی کر کے دیکھیں اور اگر اس میں کوئی افہام و تفہیم کا راستہ ابھی بھی نکل سکتا ہے تو وہ دیکھ لیں۔ میں مشاہد صاحب سے درخواست کروں گا کیونکہ وہ Syndicate کے member بھی ہیں، کہ اگر appeal وہاں پر آئے تو وہ اس کو according to the rules دیکھیں۔ بچوں کے career کا سوال ہے، اگر اس میں کوئی طریقہ کار نکل سکتا ہے کہ وہ اپنی degrees پوری کر لیں۔ جی وزیر صاحب۔

جناب محمد بلیغ الرحمٰن: محترم چیئرمین! ایک تو آپ سے یہ گزارش کرنی تھی کہ پنجاب یونیورسٹی، یہ آپ بہتر جانتے ہیں کہ وہ Provincial charter university ہے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے، I have just made an observation on this.

جناب محمد بلیغ الرحمٰن: جناب والا! اسی پر آپ سے مودبانہ اختلاف کر رہا ہوں کہ یہ بات کہنا مناسب نہیں کہ ایک ہی حکومت، وہاں پر یونیورسٹی کی اپنی انتظامیہ ہے، انہوں نے چیزیں دیکھنی ہیں، پنجاب پولیس ہے۔ اگر کوئی involvement بنتی ہے تو صوبے کی بنتی ہے، پتا نہیں یہ معاملہ کس حد تک پہنچا ہے۔ یہ Federal charter university ہے، یہاں پر اسلام آباد پولیس تھی۔

دوسری میں آپ سے یہ share کرنا چاہتا ہوں کہ یہ اس سے زیادہ serious issue تھا مگر اس لیے بچت ہو گئی کہ وہاں پر یونیورسٹی نے نوٹس لیا اور پولیس بھی آئی، پھر مزید پولیس نفری بلا کر انہوں نے effectively teargas سے disperse کیا، لوگوں کو پکڑا اور کچھ گرفتاریاں بھی کیں۔ اگر یہ نہ کرتے ، بالکل کھڑے رہ جاتے تو معاملات اس سے کہیں آگے چلے جاتے۔ وہ پولیس بروقت آ گئی، یہ نہیں کہ انتظامیہ کو بہت پہلے سے پتا تھا کہ آج یہ ہونا تھا۔ جیسے ہی وہاں پر طلباء نے دو بلوچ طلباء کو مارا تو اس وقت ان کو پتا لگا کہ ۔۔۔۔

جناب چیئرمین: Sufficient notice, آپ بھی universities میں پڑھ چکے ہیں، مشاہد صاحب بھی پڑھ چکے ہیں۔ ہم سب مار کھا چکے ہیں، that is sufficient notice, کوئی pamphlet تو نہیں نکالتا کہ آج مشاہد اللہ کو مارنا ہے تو ہوشیار ہو جاؤ۔

جناب محمد بلیغ الرحمٰن: At times ہو بھی جاتا ہے۔ جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ اس کو effectively دیکھا گیا اور اسی لیے ابھی بھی یونیورسٹی zero tolerance پر کام کر رہی ہے۔ جب مزید کام Syndicate کے پاس آئے گا، حقائق ان کے سامنے آئیں گے اور اس میں Syndicate جو فیصلہ کرے گی۔

Mr. Chairman: The Calling Attention Notice is disposed of. We now move on to Order No. 11. I am skipping 5 at the moment because I am waiting

کہ کچھ اور speakers جن کے نام ہیں، وہ تشریف لے آئیں۔ اس وقت صرف روبینہ عرفان صاحبہ موجود ہیں۔ So, I am

moving on to Order No. 11. Order No. 11 is discussion on an admitted adjournment motion, moved by Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh on 20th April, 2017. Yes.

Discussion on the admitted adjournment motion moved by Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh regarding disappearance of Col. (R) Habib

سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ: بہت شکریہ جناب! کرنل حبیب کا یہ معاملہ جو وہ کھٹمنڈو میں لاپتا ہوئے، اس پر کچھ مزید حقائق کو ایوان کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں۔ مجھے امید ہے کہ باقی اراکین بھی اس پر

گفتگو کریں گے اور اپنی input دیں گے۔ جناب! پاکستانی حکومت کے نیپال کے ساتھ پرانے روابط ہیں، 1960 سے تعلق ہے، انہی کو استعمال کرتے ہوئے، حکومت کے کہنے کے مطابق نیپال حکومت کے ساتھ مختلف طریقوں سے کوششیں کی جارہی ہیں کہ کرنل حبیب کو بازیاب کرایا جائے لیکن ابھی تک یہ سوال pending ہے۔ کرنل حبیب ایک ریٹائرڈ افسر ہیں، جیسے مختلف ریٹائرڈ افسر نوکری کرنے کے لیے کوششیں کرتے ہیں، انہوں نے بھی کوشش کی اور یہ ان کی سچائی تھی کہ انہیں جس طرح سے trap کیا گیا، اس کے against اپنا proper CV بھیجا گیا۔ یہ CV website پر موجود بھی ہے۔ جو ان کی expertise تھیں، وہ ان کو سامنے لائے۔ جنہوں نے trap کیا، Mar Thomson جو کہ UK کے ایک Cell No. سے ان کو فون کیا کرتے تھے اور ایک website جہاں سے e-mail کی جاتی تھی، reportedly وہ ویب سائٹ انڈیا سے operate ہوتی ہے۔

انہیں جس طرح سے نوکری کا جھانسہ دیا گیا اور نوکری کے لیے کہا گیا وہ report کیا جاچکا ہے۔ اسی کے next step کے لیے کرنل حبیب نے یہاں سے fly کیا اور مسقط کے راستے کھٹمنڈو گئے۔ کھٹمنڈو جانے کے بعد وہ Bhairahawa Airport چلے گئے۔ حالانکہ کھٹمنڈو میں ہی ان کی حیات ریجنسی ہوٹل میں بکنگ کرائی گئی تھی، جہاں انہوں نے جانا تھا لیکن وہ وہاں نہیں گئے اور ایک connecting flight لے کر Bhairahawa چلے گئے۔ اس کے بعد شنولی نام کے ایک گاؤں تک ان کو locate کیا جا سکا جو کہ بارڈر پر واقع ہے۔ اس سے آگے ان کی کوئی location نہیں آئی ہے۔ سوال اس بات کا ہے کہ کن لوگوں نے ان کی سیٹ کرائی جو کہ مسقط سے کھٹمنڈو تک اور پھر کھٹمنڈو سے Bhairahawa Airport پر انہیں receive کیا گیا۔ Reportedly وہ تمام لوگ Indians تھے۔ اب ضرورت اس بات کی ہے کہ یہ دیکھا جائے کہ آخر ہم اگلا قدم کیا اٹھا سکتے ہیں اور میں چاہوں گا کہ حکومت وقت بھی اس پر تھوڑی سی روشنی ڈالے کہ ابھی تک حکومت نے اپنی جانب سے کیا کارروائیاں کی ہیں اور کس حد تک اس پر کام کر رہے ہیں۔

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جس طرح سے صاحب لاپتہ ہوئے ہیں، اس میں کہا جارہا ہے کہ شاید کسی stage پر پہنچ کر کلبھوشن کو trade off کرنے کا معاملہ نہ ہو۔ میں امید کرتا ہوں کہ ایسا نہیں ہوگا لیکن ہمیں ہر پہلو کو دیکھنا ہوگا۔ جس طرح سے ان کو trap کیا گیا یہ کوئی ایک دن کا معاملہ نہیں ہے۔ 27 جنوری سے ان کے ساتھ روابط کیے گئے، پھر emails بھی آتی رہیں، calls بھی

ہوتی رہیں لیکن ایک stage پر جاکر انہیں کھٹمنڈو، نیپال لے جایا گیا اور اس کے بعد پھر بارڈر تک لے گئے۔ اب تک کی رپورٹ کے مطابق جو خبریں آئی ہیں، حکومت کی یہ کوشش ضرور رہی ہے کہ انہوں نے Indian High Commission سے رابطہ کیا تو انہوں نے یہ کہا کہ میرے علم میں کچھ نہیں ہے تو یہ بات یہاں ختم ہو گئی۔ دوسری طرف جب نیپال سے رابطہ کیا گیا تو ہماری ایمبیسی جو کھٹمنڈو میں ہے، نے نیپال کے فارن آفس سے رابطہ کیا اور ساتھ ساتھ وہاں پر نیپال کی پولیس سے معلوم کیا گیا لیکن آج تک کوئی بھی FIR نہیں کاٹی گئی۔ میری گزارش ہو گی کہ حکومت وقت اس پر اپنی اب تک کی کارروائی بتائیں اور آئندہ کا لائحہ عمل بھی بتائیں اور ہم یہاں پر کوئی input دے سکے تو ضرور دیں گے۔ اس میں سب سے زیادہ تشویش طلب بات یہ ہے اور اکثر اخبارات نے جو رپورٹ کیا میں یہاں پر صرف ایک ہیڈنگ پڑھوں گا ، "RAW seems behind ex-colonel disappearance." جناب والا! یہ خبر آئی ہے Express Tribune میں، جس کے مطابق یہ واضح ہے کہ جو ہوا ہے اس میں RAW involve ہے۔ اب اگر اس طرح RAW involve ہو گی اور پھر کل ہمارے اسلام آباد کے مجاہدین نے کچھ رد عمل کیا تو پھر میں نہیں سمجھتا کہ پھر ICJ میں جانے والی بات ہو یا Pindi Boys نے کوئی activity generate کی تو پھر ہماری طرف سے یا ان کی طرف سے اس طرح کی آوازیں نہ آئیں جس سے میں یہ سمجھ پاؤں کہ شاید جو پابندیاں ہیں وہ صرف اور صرف ISI کے لیے ہیں یا Pindi Boys کے لیے ہیں۔ وہ بیشک اپنے بھائی کو بچانے کے لیے کچھ کریں اور شاید کچھ کر بھی رہے ہوں گے، میں امید کرتا ہوں کہ وہ کچھ کر رہے ہوں گے لیکن میں ذمہ داری محسوس کرتا ہوں اپنے اس ایوان کی کیونکہ ہم ایوان بالا ہیں، یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم ان معاملات کو دیکھیں اور اگر اس میں کہیں پر کوئی قانون کا سقم ہے تو اس کو بھی دور کیا جا سکے مگر ایک فیملی کیونکہ انتظار کر رہی ہے اور آخر میں میرا سوال صرف یہی ہو گا کہ جس طرح ان کو trap کیا گیا، وہ تو اپنی جگہ ہے لیکن وہ ہیں کہاں، کب ملیں گے اور ان کے ساتھ آخر ہوا کیا ہے؟ آج جو کچھ ان کے ساتھ ہو رہا ہے وہ کب تک ہوتا رہے گا اور اپنے گھر کب واپس آئیں گے۔ میں ان سوالات کے ساتھ اس معاملے کو ایوان کے سامنے بحث کے لیے رکھتا ہوں۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر رحمٰن ملک۔

Senator Abdul Rehman Malik

سینیٹر عبدالرحمٰن ملک: شکریہ جناب چیئرمین۔ جناب والا! یہ معاملہ ہے انڈیا کا intent of committing crime. جس دن ان کو lure کیا گیا، یہ international law کی violation ہے۔ اس لیے کہ اس میں کوئی normal phone استعمال نہیں کیا گیا بلکہ UK based phone or internet کو استعمال کرتے ہوئے فون پر بات کی گئی لیکن یہاں پر صرف انڈیا کا ہی ساتھ نہیں دیا بلکہ جب وہ یہاں سے fly کر کے مسقط جاتے ہیں اور وہاں پر جوان کو protocol دیا جاتا ہے اس کے گواہ بھی موجود ہیں۔ کیا حکومت پاکستان نے مسقط کے ساتھ کوئی بات کی کہ بتایا جائے کہ وہ کون لوگ تھے۔ اگر ticket book ہوئی تھی، لوگ transit ہوئے تھے، ان کو receive کر کے بٹھایا گیا۔ کیا یہ معاملہ وہاں پر take up کیا گیا۔ کیا حکومت پاکستان نے یہ معاملہ Government of UK کے ساتھ اٹھایا؟ یہ ہمارا bilateral right بھی ہے اور through Interpol Law بھی ہمارا right ہے۔ کیا حکومت پاکستان نے اس کو proper formation کے ساتھ legal rights کو quoting دی۔ Actually ہمارے جو rights ہیں by way of Charter of Interpol کیونکہ یہ کیس ہے جھوٹ کا، فراڈ کا کسی کو lure in کر کے job دلوانا۔ جیسا کہ job exist ہی نہیں کرتی تھی اور اُن کو ساٹھ ہزار ڈالر کا کہا گیا کہ آپ کو دیتے ہیں basically میں آپ کو تھوڑا سا remind کرواتا چلوں چیئرمین صاحب! کہ یہ صبح دس بجے میرے نوٹس میں آیا، ایک standing committee کی میٹنگ چل رہی تھی تو ہم نے یہ matter take up کیا اور اُس matter میں یہ کہا کہ لگتا ہے کہ انڈیا نے یہ بندہ اغواہ کیا، lure in کر کے اغوا کیا basically crime commit کر کے یہ کرنے کی کوشش کی کیونکہ جو monkey wrench ہے Jadhiv وہ ہمارے پاس موجود ہے تو بالکل اُس چیز کو replicate کر کے یہ کریں گے۔ incidentally اُسی ہی شام کو چار بجے یہ فیصلہ آ گیا کہ Jadhiv has been convicted to death تو اُس میں انڈیا کے میڈیا نے بھی رپورٹ کیا کہ یہ pre-empt کیا گیا ہے former interior minister نے جو کہ اس سزا سے پہلے announce کر دیا۔ He had no idea whatsoever کہ آج کوئی اعلان ہونے والا ہے۔ It was my duty as a citizen of Pakistan, if I am holding a composition that I should bring to the notice of

the world. تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ Col. Habib کو جو اُٹھایا ہے اس کے پیچھے intentions وہیں تھیں جو ابھی عتیق صاحب نے کہیں۔ لیکن میں یہ کہوں گا کہ یہ صرف ISI, IB and MI کا مسئلہ نہیں ہے۔ یہ پاکستان کا مسئلہ ہے اور یہ پاکستان کا مسئلہ اُسی طرح ہے جیسے بہت پہلے ہمارا پاکستان توڑ کر East Pakistan کو علیحدہ کر کے بنگلہ دیش بنایا گیا جس کی confession پرائم منسٹر مودی کرتا ہے۔ اُس کے بعد Interior Minister interfere ہونے کی بات کرتا ہے، آج ہماری ٹیم گئی ہے، ICJ میں بھی گئی ہے تو یہ ایک consistent attack ہے to inflict Pakistan اور پاکستان کو بدنام کرنے کے لیے ۔ I hope that Government اُن سب چیزوں کو جو ہم نے point out کی ہیں کو استعمال کرتے ہوئے کم از کم یہ چیز highlight کرے کہ یہ ایک crime ہے،

it is an international crime which has been committed by India.

کیا حکومت اس معاملے کو United Nations میں لے کر گئی ہے۔ یہ ہمارا right ہے۔ یہ ایسے matters ہیں جو ICJ میں جانے چاہیے ہیں۔ وہ کوئی spy نہیں تھا۔ وہ simple نوکری کی تلاش میں تھا اور انڈیا نے اس weakness کو exploit کیا اور اگر ہم اس matter کو نہیں لے کر جاتے تو لوگ سمجھیں گے کہ ہم اپنی duty نہیں کر رہے تو لہٰذا میری last suggestion یہ ہو گی کہ Government proper case بنائے۔ آج Attorney General نے مجھے خط لکھا ہے اُن suggestions کے بارے میں جو میں نے اُن کو دی تھیں۔ I am grateful to him. اُنہوں نے کہا ہے کہ آپ نے جو points دیے ہیں we will be using them in argument اور میں یہ بھی add کروں گا اور لکھوں گا بھی کہ یہ کیس بھی along with all the facts and figures which actually have not been discussed only but I am sure the concerned agencies must have thrashed it out. جس کے پورے facts جس میں مسقط سے لے کر لندن، لندن سے لے کر نیپال میں، نیپال ایک چھوٹا سا ملک ہے اور جس طرح انڈیا نیپال کو use کرتا ہے اُس میں کسی کو شک نہیں ہونا چاہیے بلکہ ایک کالونی بن چُکا ہے۔ بہر حال ہمارے پاس facts ہیں۔ facts go in the favour of country. تو

کیا کل جب یہ argument ہو رہے ہوں گے تو ہم ان facts کو ICJ میں نہیں لے جا سکتے کہ دیکھیں انہوں نے یہ حرکت کی اور یہ مزید بھی کر سکتے ہیں۔ یہ کوئی پہلا واقعہ نہیں ہے اس کے علاوہ بھی بہت سارے واقعات ہوئے لیکن یہ واقع solid evidence کے ساتھ ہے۔ میری request ہو گی حکومت سے کہ اسے UNO and ICJ میں بھی لے جایا جائے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر جنرل (ر) عبدالقیوم۔

Senator Lt. General (R) Abdul Qayyum

سینیٹر لفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقیوم: شکریہ جناب چیئرمین! میں سینیٹر عتیق صاحب اور رحمان ملک صاحب کی بات سے متفق ہوں اور جو questions وہ raise کر رہے ہیں، حکومت اس کا جواب دے گی جب بھی کہیں concerned لوگ briefing دیں گے۔ میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہندوستان کو ہمیشہ govern کیا گیا ہے by other powers. Thousands of years کالونی رہا ہے۔ اس وقت 1887 کے اندر intelligence bureau بنائی گئی لیکن پاکستان کے وجود میں آنے کے بعد جب انڈیا کو 1962 میں چائنا سے ہزیمت ہوئی، اور 1965 میں وہ پاکستان کو شکست نہ دے سکے، پھر 1968 میں RAW وجود میں آئی۔ انڈیا کی mentality hegemonic ہے ابھی وہ چاہتے ہیں کہ جو علاقہ ان کے پاس ہے اس پر ان کا تسلط رہے بلکہ ان کے periphery میں جو countries ہیں ان پر بھی ان کا کنٹرول رہے اور وہ ان کے نیچے ہوں. that is the reason پاکستان کے ساتھ بھی اختلاف، چائنا کے ساتھ بھی ان کی 1962 میں جنگ ہوئی ہے، اسی طرح بنگلہ دیش کے ساتھ بھی ان کے اختلافات ہیں۔ 1987 میں سری لنکا کے ساتھ ہوا، مالدیپ کے ساتھ ہوا، اب بھی یہی مسئلہ ہے، اور یہی وجہ ہے کہ وہ افغانستان کے ذریعے پاکستان کی Western سرحد پر بھی problem create کر رہے ہیں۔ اس کے ثبوت تو بہت زیادہ ہیں اور ایک زندہ ثبوت کلبھوشن کا ہے جو پکڑا گیا اور اس نے اقبال جرم بھی کیا اور سزائے موت بھی ہوئی ہے۔ اس کو cover کرنے کے لیے، انڈیا اپنا چہرہ چھپانے کے لیے اس کرنل کے پیچھے تھے، اس کو trap کیا جو ایک ریٹائرڈ کرنل ہے۔ میں انڈین ایکسپریس پڑھ رہا تھا وہ یہ کہہ رہے تھے he was involved in the arrest of Kalbhoshan اس کو وہ trace کرتے کرتے وہاں لے گئے۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ انڈیا کو اگر ترقی کرنی ہے اور خطے کی prosperity ان کو عزیز ہے

تو ان کو بیٹھ کر امن کی بات کرنا ہو گی۔ یہ باتیں کہ وہ اپنے طور پر اپنے آپ کو بڑا سمجھیں دوسرے ممالک جو آزاد ہیں، خصوصاً پاکستان جو نیوکلیئر پاور ہے۔ ہمارے کوئی hegemonic design نہیں ہیں، ہمارے کوئی aggressive design نہیں ہیں، peaceful co-existence پر ہمارا ایمان ہے۔ ہم یہ نہیں چاہتے کہ ہمارے clashes ہوں لیکن انڈیا بارہا ہمیں مجبور کر رہا ہے آج بھی 1.3 million ان کی آرمی ہے اس میں سے تقریباً 75% فوج پاکستان کے خلاف deployed ہے۔ ان کی جو strike corps ہے، corps No. 1, No. 2, No. 21, ان کے سارے ٹینک، گنیں، توپیں، ائرپورٹ، ان کا سارا نشانہ پاکستان بنا ہوا ہے۔ پاکستان اس چیز کو realize کرتا ہے، یونائیڈ نیشن کے سیکرٹری جنرل کے ہم مشکور ہیں کہ کچھ عرصہ پہلے انہوں نے کہا کہ ہم mediate کرنے کے لیے تیار ہیں لیکن I think یہ UN responsibility کی بھی ہے، سپر پاورز کی بھی ہے کہ وہ صرف ویٹو کا سہارا لے کر مسلمانوں کے حقوق میں روڑے نہ اٹکائیں، خواہ وہ فلسطینی ہوں، خواہ کشمیری ہوں بلکہ بیٹھ کر resolve کریں۔

جناب والا! unfortunately دنیا کے دہرے معیار ہیں، اپنے لوگوں کے لیے standard کچھ اور ہے دوسروں کے لیے اور ہیں، that is the reason آج مسلم دنیا خلفشار کا شکار ہے اور بہت سے لوگ West کے اندر، امریکہ کے اندر کہہ رہے ہیں ISIS کی creation بھی انہی ملکوں کی creation ہے۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہم اپنے طور پر بین الاقوامی سطح پر highlight کرتے رہیں گے کہ انڈیا نہ صرف مشرقی بارڈر پر پاکستان کے لیے threat ہے بلکہ Western border سے بھی وہ پاکستان کو provoke کر رہا ہے اور ابھی ہمارے کرنل کو انہوں نے اس طرح arrest کیا ہے جو کہ بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہے، انہوں نے نیپال کے اندر جا کر، ان کی سرزمین کے اندر گھس کر ان کو پکڑ کر وہاں سے لے گئے لیکن میں assure کرتا ہوں کہ کلبھوشن کی جو پھانسی کی سزا ہے اس پر کسی صورت میں سودا نہیں ہو گا اس کو سزا ملے گی۔ یہ جاسوس نہیں تھا، یہ دہشت گرد تھا، اس کے ہاتھ خون سے رنگے ہوئے ہیں اس لیے اس کو سزا ملے گی، ہم اپنے کرنل کی رہائی کے لیے بین الاقوامی سطح پر پوری کوشش کریں گے۔

جناب چیئرمین: شکریہ، سینیٹر سحر کامران۔

Senator Sehar Kamran

سینیٹر سحر کامران: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو جس طریقے سے ایک ریٹائرڈ کرنل محمد حبیب کو نیپال سے اغوا کیا گیا، میں اس کی شدید مذمت کرتی ہوں۔ بھارتی سازشی ذہن اور ان کا جو سازشی عمل ہے وہ کھل کر دنیا کے سامنے آ چکا ہے اور اس میں کوئی بھی ایسا حربہ نہیں چھوڑ رہے جس سے وہ پاکستان کو نقصان پہنچا سکیں۔ کوئی بھی پاکستانی ہو، چاہے وہ ریٹائرڈ آرمی آفیسر ہو یا سویلین ہو، بچہ ہو، عورت ہو یا مرد ہو جب وہ ایک ایسے ملک کی تحویل میں چلا جاتا ہے جس کے پاکستان کے خلاف hostile عزائم ہیں تو یقیناً ہمارے لیے تشویش ہوتی ہے۔ کرنل ریٹائرڈ حبیب کا تعلق آرمی سے تھا اور آرمی کا کوئی ریٹائرڈ آفیسر بھی ہمارے دشمن ملک، (جس کے پاکستان کے خلاف جارحانہ عزائم ہیں) کے قبضے میں چلا جائے تو یہ بہت serious concern کی بات ہے۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ بھارت کلبھوشن یادیو کو اپنا بیٹا کہتا ہے، یہ اس کی گرفتاری کا، پاکستان میں دہشت گردی کارروائیوں میں ملوث ہونا، اس کے اعتراف کے بعد اس کا ایک reaction ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ پاکستان کے لیے ایک alert signal بھی ہے کہ کیا آج کے بعد کوئی پاکستانی جو بیرون ملک job کے لیے apply کرتا ہے کیا وہ محفوظ ہے۔ جس طریقے سے اس کو trap کیا گیا، جس طریقے سے job advertise کی گئی۔ آرمی کے آفیسران جلدی ریٹائرڈ ہو جاتے ہیں، اس کے بعد ان کو they have to find alternate jobs. اپنی family کو sustain کرنے کے لیے retired serviceman should not لیکن آج کے بعد یہ سوچنا ہوگا کہ کوئی بھی apply outside the country کیونکہ وہ ایسی جگہوں پر sensitive جگہوں پر کام کر چکا ہوتا ہے اگر اس قسم کی سازشیں ہونے لگیں کہ jobs سے trap ہونے لگیں تو پھر تو کوئی بھی trap ہو سکتا ہے، پھر تو پاکستان انتہائی سنگین حالات میں گر جائے گا۔

جناب والا! نیپال کی سرزمین جس طریقے سے استعمال ہوئی، نیپال سے اس کو اغوا کیا گیا یہ بھی تشویش کی بات ہے۔ رحمان ملک صاحب نے بالکل صحیح کہا کہ اس کو ہمیں عالمی عدالت میں بھی لے کر جانا چاہیے UN میں بھی اٹھانا چاہیے اور اس وقت پاکستان کی خاموشی، پاکستان کے لیے نقصان دہ ہو گی۔ جس طریقے سے بھارت کلبھوشن یادیو کے لیے سرگرم ہے، پاکستان کو بھی اسی طریقے سے کرنل حبیب کو واپس لانے کے لیے اپنے پورے وسائل کو صرف کرنا چاہیے۔ اس وقت جو عالمی لیڈر شپ ہے ان کو

بھی تجزیہ کرنا ہوگا کہ جو ان کے ریٹائرڈ افسران ہیں، ان کا track کس طریقے سے رکھیں، کیا وہ پیشگی اطلاع کریں کہ اگر وہ کہیں اس طرح سے apply کرتے ہیں، ریٹائرمنٹ کے دو سال مکمل ہونے کے بعد ان کا جو ایک پیریڈ ہوتا ہے they should inform their department کہ وہ بتائیں کہاں ہیں تاکہ trap کی کوئی گنجائش نہ ہو، بھارت تو کسی حد تک بھی جا سکتا ہے۔ جو کچھ بلوچستان میں ہو رہا ہے، جس طریقے سے بلوچستان میں urgency ہے، جس طریقے سے line of control پر روزانہ خلاف ورزی ہو رہی ہے۔ بھارت صرف پاکستان کے خلاف پروپیگنڈہ استعمال کر رہا ہے۔ ابھی جو پنٹاگون کی رپورٹ شائع ہوئی ہے وہ بھی انتہائی تشویش ناک ہے کہ جو US. China containment policy ہے وہ بھی indirectly impact کر رہی ہے اس کی وجہ سے بھی بھارت کو US کی سپورٹ حاصل ہے۔ میں یہ کہوں گی کہ this is not a matter of individual جس کو ہم individual سمجھ کر نظر انداز کریں کیونکہ future کے اندر اس قسم کی جو incidents ہیں ان سے اپنے آپ کو secure کر سکیں۔

جناب چیئرمین: شکریہ، سینیٹر رحمٰن۔

Senator Sherry Rehman

سینیٹر شیری رحمٰن: شکریہ، جناب چیئرمین! بہت ہی جامع discussion ہوئی on disappearance of Col. (R) Habib. اس میں دو تین باتیں ابھرتی ہیں، خاص طور پر پاکستان اس کے بارے میں کیا کارروائی کر رہا ہے اور کس طرح عالمی سطح پر کوشاں ہے۔ جناب چیئرمین! عالمی سطح پر International Court of Justice وہ United Nations کی body ہے اور اس کے laws بہت پیچیدہ ہیں۔ ایک اور تشویشناک بات ہوئی ہے کہ ہندوستان کی Foreign Minister نے کہہ ڈالا ہے کہ آپ کشمیر کے حوالے سے بھی وہاں کوئی بات نہیں کر سکتے۔ کل ہماری International Court of Justice میں exchange of documents ہے۔ آپ کے اٹارنی جنرل ٹیم لے کر وہاں گئے ہیں۔ بہت سوال جواب ہوئے آپ کی بنائی ہوئی National Security Committee میں بات ہوئی۔ میرے colleagues بالکل ٹھیک کہہ رہے ہیں کہ ہم نے اپنے شہری کے لیے کیا کیا ہے۔ ہم اپنے شہریوں کے لیے دنیا میں کیوں کوشاں نہیں ہوتے۔ یہ ہر خارجہ پالیسی کا پہلا point, goal and

objective ہوتا ہے کہ ہم پہلے پاکستانی شہریوں کے بارے میں سوچیں، چاہے وہ غلط ہوں یا صحیح ہوں۔ اگر آپ اپنی patriotism or sovereignty کی بات کرتے ہیں تو یہ اس کا ایک بہت اہم حصہ ہوتا ہے۔ ہماری embassies جب تک نہ کہا جائے act نہیں کرتیں، ان کا کام counselor activities تک محدود رہتا ہے۔ I am grateful that Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh نے اس بات کو اٹھایا ہے۔ ریٹائرڈ کرنل حبیب صاحب کو اٹھایا گیا ہے یہ job ڈھونڈ رہے تھے۔ اب یہ پتا نہیں کہ ان کی دو سال کی service ختم ہو گئی تھی یا نہیں۔ یہ ایک clear trap تھا، ہندوستان نے ان کو نیپال سے اٹھایا ہے، انہوں نے نیپال کو اپنی ایک proxy بنا لیا ہے، blockade کر کے رکھا ہوا ہے۔ وہاں سے جب ان کو اٹھایا ہے تو ہمارے سوال کا کوئی جواب نہیں ملا کہ اس میں کیا پیش رفت ہوئی ہے۔

جناب چیئرمین! نمبر ایک۔ ہم صرف مسلح افواج سے پالیسی statements یا خدشات کی proactivity یا ردعمل تک رہ گئے ہیں۔ کل بھی کور کمانڈر کانفرنس ہوئی تو افغانستان کے حوالے سے جو باتیں کی جا رہی ہیں جہاں ہندوستان کا بھی کافی عمل دخل ہے یہ سارا ایک جال بچھ رہا ہے اور اس پر بھی we will left only with the statement from DG ISPR. اس پر دفتر خارجہ کہاں تھا، ہماری حکومت کس گومگوں کی کیفیت میں ہے۔ میں افسوس سے کہوں گی کہ یہ National issues ہیں اس پر ہم سیاست نہیں کرنا چاہتے لیکن انہوں نے اتنی خلا، اتنا strategic vacuum چھوڑا ہوا ہے، پانامہ کے حوالے سے انہوں نے اپنے آپ کو اتنے مسائل میں گھیر لیا ہے کہ جواب دہی یا پاکستان کی خارجہ یا National interest یا اس کے وقار یا اس کی سلامتی کی تو کوئی بات ہی نہیں کر پاتا۔ ایک meeting کر لیتے ہیں اور وہ بات auto pilot پر چھوڑ دیتے ہیں۔

جناب چیئرمین! پاکستان کی خارجہ پالیسی اس وقت، میں افسوس سے کہوں گی ایک auto pilot پر ہے جس طرح PIA کا پائلٹ سویا ہوا تھا PIA اور بھی سنگین حالات میں ہے۔ Auto pilot پر ڈال کر چھوڑ دیا ہے لیکن مشکل حالات میں جب landing ہوتی ہے یا کوئی بھی turbulent weather ہوتا ہے تو سارے pilots وہاں بیٹھ کر manually کام کرتے ہیں۔ یہاں کوئی manually کام نہیں کر رہا، کسی کا ہاتھ ہی پہیے پر نہیں ہے وہ کیا اپنے شہریوں کا کریں

گے۔ پھر یہ کہتے ہیں کہ فوج بات کرتی ہے، کل جو statement آئی اس کے بعد بھی کوئی بات نہیں ہوئی۔ افغانستان میں time کا cover دیکھیں، President Ashraf Ghani جو آپ کے ساتھ مل جل کر کام کرنا چاہتے تھے اب وہ آپ کو کہہ رہے ہیں کہ principally طالبان کے حوالے سے پاکستان ہے۔ وہ یہ نہیں بتا رہے کہ وہاں پر کتنی کرپشن ہے، وہ نہیں بتا رہے کہ ان کے چار سو سات ڈسٹرکٹ میں 70% Talban insurgent قابض ہو چکے ہیں، وہ نہیں بتا رہے کہ ان کی اپنی حکومت کتنی غیر مستحکم ہے ۔ وہ بہت سی باتیں نہیں بتا رہے کہ پاکستان سے بھاگے ہوئے terrorists کو وہاں کتنی sanctuary حاصل ہے۔ وہ یہ نہیں بتا رہے کہ کابل کی تو کوئی writ ہی نہیں ہے اور وہ سارا blame پاکستان پر ڈال رہے ہیں۔

ہماری خارجہ پالیسی میں بہت مسائل رہے ہیں۔ ہم نے 1980s and 1990s کی دہائی میں، خاص طور پر 1980s کی دہائی میں ضیاء الحق کے دور میں ہم نے افغانستان میں بہت interference کی لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ہم جو پاکستان کے سرزمین پر کر رہے ہیں اور جناب چیئرمین! آپ نے کل بھی معلومات لینے کی کوشش کی تھی لیکن معلومات بتائی ہی جاتیں، کسی کو پرواہ ہی نہیں ہوتی، کسی کو کچھ کہا ہی نہیں جاتا۔ کمیٹیوں میں بھی stone walling کرتے ہیں۔ میں افسوس سے کہوں گی کہ ایک جواب لینے کے لیے almost آپ کو دست و گریباں ہونا پڑتا ہے۔ ملک میں کیا گومگوں کی کیفیت ڈالی ہوئی ہے اگر یہ ship آرام سے sail کر رہا ہوتا تو شاید اتنے سوال نہ اٹھتے لیکن ہم ہر طرف سے طوفانوں میں گھرے ہوئے ہیں۔ ایران، افغانستان، ہندوستان آپ کے تینوں اطراف میں دشمنی کی بات کر رہے ہیں۔ ایران سے بھی آپ کے کیا تعلقات رہ گئے ہیں وہ آپ کے پڑوسی ملک ہے۔ شکریہ، جناب چیئرمین! I just want to add that International Court of Justice کی بات نہیں ہے یہ پاکستان کی strategic priorities کی بات ہے۔

Mr. Chairman: Thank you, Senator Brig. (R) John Kenneth Williams.

Senator Brig. (R) John Kenneth Williams.

سینیٹر بریگیڈیئر (ر) جان کینیتھ ولیمز: شکریہ، جناب چیئرمین! میں چند باتیں ایوان کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں جو آرمی میں عام ہیں۔ نیپال پاکستان کے uniformed لوگوں کا دوست

ملک ثابت ہوا ہے وہ اس طرح کہ جب 1965 میں Paratrooper landings انڈیا میں ہوئیں جب ان کو دوبارہ پاکستان میں آنا تھا تو انہوں نے نیپال کا راستہ استعمال کیا۔ ہمارے بہت سے نامی گرامی فوجی مشرقی پاکستان سے نیپال کے راستے repatriate ہوئے۔ اس سلسلے میں نیپال نے ہمارے ساتھ بہت زیادہ cooperation کی۔ ہمیں یہ بھی نوٹ کرنا چاہیے کہ Nepal is a pure Hindu state.

دوسرا جو فوجی ہوتا ہے اس کے whereabouts کا تقریباً سب کو پتا ہوتا ہے اور وہ اپنی intentions share کرتا ہے۔ کس طرح regimental sharing ہوتی ہے اور اپنی corps کے ساتھ sharing کرتے ہیں، get together ہوتی ہیں اور ان چیزوں سے یہ باتیں سامنے آتی ہیں۔ ہماری جو authority ہے، جو لوگ اس بات کے ذمہ دار ہیں کرنل حبیب کا اتا پتا معلوم کریں تو ان کو یہ سب channels use کرنے چاہییں تب ہی ممکن ہے کچھ نتیجہ نکل آئے۔ بہت شکریہ۔

Mr. Chairman: Thank you, Leader of the Opposition.

Senator Aitzaz Ahsan, Leader of Opposition

سینیٹر اعتزاز احسن: شکریہ، جناب چیئرمین! میں سینیٹر بریگیڈیئر (ر) جان کینیتھ ولیمز کا مشکور ہوں کہ انہوں نے ہمیں یہ سب کچھ بتایا جو کہ میرے علم میں نہیں تھا کہ نیپال، ہندو ریاست نے کس طرح پاکستان کے فوجیوں کی امداد کی۔ وہ paratroops یعنی دشمن کی صفوں کے پیچھے جو فوجی اتارے جاتے ہیں انہوں نے جب واپس آنا ہوتا تھا تو وہ نیپال کے ذریعے واپس آتے رہے ہیں۔ نیپال نے یقیناً ان کی مہمان داری کی ہو گی کسی نہ کسی صورت وہ وہاں پیش ہوئے ہوں گے اور بتایا ہو گا کہ میں فلاں میجر ہوں اور میرا تعلق پاکستان سے ہے۔ بہر حال جنگ کی حالت میں بھی ان کو واپس بھیجنا اس بات کا مجھے علم نہیں تھا۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ اب نیپال ہمارا ایک چوتھا ہمسایہ ہو گیا جو اب ہماری اس طرح امداد نہیں کر رہا۔ نیپال کرنل حبیب کے معاملے میں اس قسم کی امداد نہیں کر رہا جس قسم کی امداد انہوں نے 1965 جنگ میں کی تھی۔ ایک چوتھا ہمسایہ، ایران، افغانستان، ہندوستان اور اب نیپال کا بھی پتا چلا کہ نیپال سے جو اچھے تعلقات تھے وہ خراب ہو گئے ہیں۔ یہ خارجہ پالیسی جناب محترم میاں محمد نواز شریف وزیر اعظم کی حکومت کی ہے۔ آپ دیکھیں کہ بھارتی حکومت نے کلبھوشن یادیو کے لیے کیا کچھ نہیں کیا

اور کیا کچھ نہیں کر رہی۔ وہ کلبھوشن یادیو جو مصدقہ جاسوس اور دہشت گرد ہے اس کے لیے وہ جتنی تگ و دو کر رہے ہیں اور بین الاقوامی سطح پر کر رہے ہیں۔ آپس میں بھی کرتے ہوں گے اور انہوں نے کئی مرتبہ پاکستان کو یہ درخواست کی ہے کہ کلبھوشن یادیو تک بھارت کے سفارت کاروں کی رسائی ہو۔ اس کے علاوہ انہوں نے bilaterally بڑا کچھ کیا ہے۔ Bilaterally کے علاوہ multilaterally دنیا کا forum بھی استعمال کیا۔

ایک خاتون ڈاکٹر عظمیٰ پاکستان آ گئی، پاکستانی طاہر علی اس کو لے کر آیا اور وہ یقیناً شادی کے ارادے سے آئے اور مجھے یقین ہے کیونکہ ان کے جو پیغامات، باہم رسا ہوئے ہیں، ایک دوسرے کو ملے ہیں اور طاہر علی نے جو screen shots پیش کیے ہیں، ان سے یہ باور کیا جا سکتا ہے کہ ڈاکٹر عظمیٰ کو طاہر علی کے خاندانی حالات کا تقریباً علم تھا اور وہ بھی بڑا بیوقوف شخص کہ تو چار بچوں کا باپ ہے اور ملائشیا میں عشق کر کے ایک بھارتی خاتون کو، میں تو کہوں گا کہ ورغلا کر، کسی طرح persuade کر کے لے آیا اور جب اس نے چار بچوں کو ابا ابا کہتے سنا تو یقیناً ڈاکٹر عظمیٰ گھبرائی ہو گی۔ انڈیا نے اس کی تگ و دو کی، سشما سوراج، وزیر خارجہ اس کو روزانہ اسلام آباد میں Indian Embassy میں فون کرتی۔ اس نے طاہر علی کو اس طرح جھانسا دیا کہ اس کو کہا کہ میں تیرا بھی ویزہ لگواتی ہوں، انڈیا پھر آئیں گے اور وہ اس کو سفارت خانے میں لے آیا تو اس نے سفارت خانے میں پناہ لے لی۔ وزیر خارجہ سشما سوراج نہ صرف روزانہ فون کرتی تھی بلکہ اس نے اس کو کہا کہ تم ہماری بیٹی ہو اور اگر تمہیں یہاں دو سال بھی سفارت خانے میں پناہ لے کر رہنا پڑا تو تم سفیر اور اس کی فیملی کے ساتھ as a family member رہو گی۔

اس کی دادرسی پاکستان کی عدالت نے کی اور یہ فیصلہ کیا کہ یہ واپس چلی جائے، اس کی شادی کا مقدمہ ہے یا نہیں ہے، وہ jactitation of marriage کا مقدمہ ہوتا ہے کہ ایک party deny کر رہی ہو اور دوسری کہہ رہی ہو کہ ہم شادی شدہ ہیں لیکن اس عورت / بچی کو واپس ہندوستان بھیج دیا جائے۔ یہ پاکستانی عدالت نے کیا لیکن اس نے واہگہ پار کرتے ہوئے اپنی دھرتی کو چوما، وہ ہندوستانی ہے اور اس نے سوشما سوراج کے ساتھ بیٹھ کر جو بیانات دیے اور جو اس کی تعریفیں کیں اور بتایا لیکن اس جج، سول جج، میجسٹریٹ کا کوئی ذکر نہیں کیا جس نے relief دیا۔ وہ کہتی ہے کہ ہندوستان میں جو مسلمان لڑکیاں یہ سوچتی رہتی ہیں کہ کسی پاکستانی مسلمان سے شادی کر لیں گی کیونکہ پاکستان ایک

مسلمان ریاست ہے، اسلامی ماحول ہوگا اور پاکستان بڑا اچھا ہے، اس نے ان کو تنبیہ کی کہ خدا کے واسطے ایسا نہ سوچو۔ میں پاکستان گئی ہوں، وہاں جانا بہت آسان ہے لیکن وہاں سے نکلنا بہت مشکل ہے، وہ موت کا کنواں ہے، یہ اس کے الفاظ ہیں لیکن اس کے یہ الفاظ کیوں ہیں؟ کیونکہ بھارتی وزارت خارجہ اور حکومت اپنے شہری کے پیچھے جاتی ہے اور اس کے تحفظ کی ہر ممکن کوشش کرتی ہے۔ ہمیں کرنل حبیب کا پتا ہی نہیں کہ کہاں ہے، کدھر ہے، کس حالت میں ہے۔ یہ ٹھیک ہے کہ اس کے ساتھ دھوکا ہوا کیونکہ ہمارے ہاں مسئلہ ہی یہ ہے کہ ہمیں کوئی آپ کو اِدھر اُدھر ملازمت دیتے ہیں، ہم جیمز بانڈ کی طرح اس جہاز کا پیچھا کر، جہاز چل رہا ہوتا ہے اور جیپ میں جیمز بانڈ کی طرح اس کا پیچھا کر کے جہاز میں بیٹھتے ہیں کہ کہیں ملازمت مل جائے۔ بڑے بڑے لوگ اس طرح بڑی بڑی ملازمتیں لے رہے ہیں۔ اس کو کسی نے کہا کہ نیپال آ جاؤ، تمہیں ملازمت مل جائے گی، وہ جھانسے میں آ گیا لیکن اس سے بڑے rank کے لوگ ایسے جھانسوں میں آئے ہوئے ہیں۔ اس کا پیچھا کرنا، اس کا پتا کرنا، کھوج نکالنا، ہندوستان اور نیپال پر دباؤ ڈالنا، اس issue کو internationally لینا لیکن یہ حکومت بالکل خاموش ہے۔ اس کے سامنے صرف ایک معاملہ رہ گیا ہے اور وہ ہر طریقے، حربے، حیلے اور ہر طرح سے ایک JIT اور دوسرا سپریم کورٹ کے ججوں کو متنازعہ بنانا ہے، اور ان کے آگے کچھ بھی نہیں ہے۔

Mr. Chairman: Thank you. Honourable Minister.

Lt. G. (R) Abdul Qadir Baloch, Federal Minister for States and Frontier Regions

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) عبدالقادر بلوچ (وزیر برائے ریاستیں اور سرحدی علاقہ جات): جناب چیئرمین! شکریہ۔ کرنل حبیب کے بارے میں سینیٹ کے ممبران کے پاس کافی information ہے اور یہ کافی revealing ہے، اس میں کوئی شک نہیں ہے اور جہاں تک حقیقت کا تعلق ہے ہمارے پاس اس میں کچھ اور add کرنے کے لیے زیادہ نہیں ہے سوائے اس کے کہ کرنل صاحب یہاں سے چھ اپریل کو اومان کے راستے کٹھمنڈو پہنچتے ہیں۔ وہاں سے پھر ایک اور منزل پر چلے جاتے ہیں جہاں سے آگے تقریباً پانچ کلو میٹر کے فاصلے پر ایک بھارتی گاؤں ہے۔ ان کی telephonic calls جوان کی فیملی کو آتی رہیں، ان کے ذریعے سے وہ وہاں تک trace ہوتے ہیں کہ وہ وہاں تک پہنچے اور اس کے بعد غائب ہو جاتے ہیں۔

مزید یہ بھی پتا چلا کہ UK میں ان کی بات چیت Skype پر ہوئی ہے، عام فون نہیں تھا اور ان کو ملازمت کی offer دی گئی لیکن اس کے لیے نیپال جانا ہو گا۔ نیپال سے پتا چلا ہے کہ اس کے لیے ہوٹل میں reservation ایک Indian national نے کی تھی، اس کو وہاں receive بھی ایک India national نے کیا ہے۔ اس کو handle کرنے کے لیے تین Indian nationals کے بارے میں پتا چلا کہ ان سے اس کا contact ہوا لیکن ایک حقیقت ابھی تک سامنے نہیں آئی اور ابھی تک یہ ثابت نہیں ہوا کہ کیا Indians نے اس کو arrest کیا، اس کو India لے گئے یا کوئی Indian intelligence agency involved تھی اور Indian Government کی کتنی involvement تھی، اس کے بارے میں ابھی تک Foreign Office or Government of Pakistan کے پاس کوئی conclusive proof نہیں پہنچا۔ ایک case کو صرف assumptions کی بنیاد پر International Court of Justice میں لے جانا یا یہاں پر یہ تجویز بھی آئی کہ اس کو United Nations, Security Council or other forums پر لے جا کر discuss کیا جائے۔ میرے خیال میں assumptions پر probably کسی اور حکومت کے خلاف as per the international norms یہ کارروائی نہیں کی جا سکتی حتیٰ کہ conclusive proof نہ آ جائے۔ Foreign Office conclusive proofs کی تلاش میں ہے اور ہم نے already Nepal Government کو ان تین individuals تک access کے لیے contact کیا ہوا ہے۔ میں نے جن تین individuals کی بات کی، ان کی ticketing کا بندوبست Indian national نے کیا تھا اور پھر انہیں کھٹمنڈو میں Indian national نے receive کیا ہے لیکن Indian national کے بارے میں مزید یہ بات نہیں معلوم ہوئی کہ وہ انڈین گورنمنٹ کے employee تھے یا وہ normal civilian یا کسی فرم کے لیے کام کر رہے تھے۔ ہمیں information یہ ہے کہ وہ ایک فرم کے لیے کام کر رہے تھے جو mountaineering سے related کمپنی تھی، انہوں نے ان کو receive کیا، وہ individuals ہیں۔ گورنمنٹ آف پاکستان نے case ان کے ساتھ take up کیا ہوا ہے اور

انڈین گورنمنٹ کے ساتھ بھی ان کو trace کرنے کے لیے ایک case take up کیا ہوا ہے کہ کرنل حبیب کہاں گئے اور ان کے ساتھ کیا ہوا۔

اس سلسلے میں کارروائی جاری ہے، اس میں کسی قسم کا کوئی شک نہیں ہے۔ Foreign Office کے functioning کے بارے بے شمار points آئے کہ کیا کرنا چاہیے اور کیا نہیں کرنا چاہیے۔ پاکستان کی فارن پالیسی کے بارے میں باتیں ہوئیں کہ فارن پالیسی کو کس طرح handle کرنا چاہیے، failing ہے، سوئے ہوئے ہیں، کوئی کارروائی نہیں کی جا رہی ہے۔ جناب چیئرمین! سینیٹ سے powerful کوئی ادارہ نہیں ہے، یہ سمجھا جا رہا ہے کہ فارن آفس میں کچھ نہیں ہو رہا ہے۔ میرے خیال میں اس معاملے کو یہاں پر discuss کیا جا سکتا ہے، Government is supposed to come and reply here لیکن ایسی کوئی بات نہیں ہے، لوگ اپنی قابلیت کے مطابق ڈیوٹی کر رہے ہیں۔ ایک فاضل ممبر نے یہ بھی کہا کہ Foreign Office اس پر توجہ نہیں دے رہا، وہ خود بھی سفیر رہ چکی ہیں، I am sure جس ملک میں وہ سفیر تھیں، وہاں پر انہوں نے بہت کچھ کیا ہو گا، ان سے بھی فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے کہ وہاں پر کیا کیا خاص باتیں کی گئیں۔ جہاں تک کرنل حبیب صاحب کے معاملے کا تعلق ہے تو یہ کارروائی 6 اپریل سے شروع ہوئی، آج 7 جون ہو چکا ہے، دو ماہ کا عرصہ گزر چکا ہے۔ اس دوران کارروائی میں کسی قسم کی کوئی کمی نہیں آئی لیکن جہاں independent government یا sovereign government involve ہوتی ہے تو اس پر اس قسم کی compulsion نہیں لائی جا سکتی کہ وہ فوراً response کرے اور کارروائی کرے۔ گورنمنٹ آف پاکستان اپنی ڈیوٹی مکمل طور پر کر رہی ہے۔

Mr. Chairman: General Sahib, do I take it from statement that the Foreign Office is exonerating the Government of India or the State of India from having anything to do in the kidnapping of Colonel Habib?

Lt. Gen.(R) Abdul Qadir Baloch: No, Chairman Sahib, not at all, we are not saying anything in this regard.

Mr. Chairman: You just said there is no concrete proof.

Lt. Gen.(R) Abdul Qadir Baloch: Mr. Chairman, the only thing that I am trying to convey is that we don't have any conclusive proof with regard to that. As far as doubt is concerned 99% we are sure Indian Government and Indian agencies must be involved but till such time a conclusive proof is not produced or it does not come to the surface, international norms, probably don't permit that.

جہاں تک شک کا تعلق ہے تو میں hundred percent اس ہاؤس کے ہر ممبر کے view کے ساتھ agree کرتا ہوں۔ میرے خیال میں پاکستان کی پوری قوم تقریباً اس conclusion پر پہنچ چکی ہے کہ انڈین گورنمنٹ کی، RAW کی involvement ہے اور اس کا کلبھوشن سے special تعلق بن رہا ہے لیکن پھر وہی قانون کی بات آ جاتی ہے کہ جب تک یہ کوئی proof سامنے نہیں آ جاتا تو اس طرح سے اس case کو نہیں لیا جا سکتا۔ میری علمیت میں کمی ہو گی، میں بالکل accept کروں گا کہ ایسا کوئی قانون ہے کہ شک کی بنیاد پر case United Nations میں یا International Court of Justice میں لیجایا جا سکتا ہے، Foreign Office will get advised on the subject.

جناب چیئرمین: شکریہ۔ It is not your fault آپ کو جو brief ملا، on perhaps Colonel Habib اخباروں سے، ممبران پارلیمنٹ کو زیادہ معلومات حاصل ہوئی بہ نسبت جو آپ کو فارن آفس نے brief دی ہے۔ میں نے یہ بات پرسوں بھی کہی تھی اور آج میں یہ بات پھر کہہ رہا ہوں کہ پارلیمنٹ کے سامنے conclusive, inclusive جو بھی بات ہے that is to be placed before Parliament. If there is something which is of a national security nature, which needs to be in camera, it can be kept in camera, there can be a session in camera. It can be provided to the Chairman Office and there the members can come into see it. But information cannot be withheld from Parliament. I have indulged the Advisor on Foreign Affairs because of the regional situation but now I think that the

regional situation is also getting hotter every day and Parliament and particularly, the Senate is in session. It is the right of the Senate to know that what is happening vis-à-vis the Qatar crisis, what is happening vis-à-vis Afghanistan, the statement given by the President, the response given by the military establishment and it is essential that in connection with Colonel Habib also, the Advisor come and brief the Senate. If he wants the session to be held in camera, we will hold the Session in camera but I want him now to come tomorrow to appear before the House and to brief the House on these three issues.

We now move on to Order No. 9. Order No. 9 pertains to the continued debate. Before I give the floor to the Senator Rubina Irfan.

میں یہ بتا دوں کہ جب سے یہ بحث شروع ہوئی ہے، ابھی تک یہ بحث 11 گھنٹے 3 منٹ ہوئی ہے۔ Parliamentary Leaders جن کا تعلق treasury benches سے ہے، ان کو at an average 16 minutes گفتگو کرنے کا موقعہ ملا، Parliamentary Leader جن کا تعلق opposition benches سے ہے، انہیں at an average 16 minutes and 16 seconds گفتگو کرنے کا موقعہ ملا ہے۔ Opposition and Treasury کے backbenches کو 11 minutes and 10 seconds گفتگو کرنے کا موقعہ ملا ہے۔

I think after a longtime the backbenches had the opportunity of putting across their point of view, they have had at an average 11 minutes and 10 seconds to air their points of view. I now give the floor to Senator Rubina Irfan.

Further discussion on the Motion moved by Senator Mohammad Ishaq Dar, Minister for Finance, Revenue, Economic Affairs, Statistics and Privatization on 26th May, 2017 regarding the recommendations of the Senate on the Finance Bill, 2017.

Senator Rubina Irfan

Senator Rubina Irfan: Thank you. Sir, budget is always made according to the popular demand of the people. It should always according to the wishes of the people but in case of Pakistan, it often goes against popular demand. People of Pakistan accepted a lot, people of Pakistan wanted the government to include their wishes in the last budget. Sir, I must say the recent budget by the incumbent government is like a poor description.

(اس موقع پر ایوان میں اذان ظہر سنائی دی)

Senator Rubina Irfan: Should I continue?

Mr. Chairman: Yes, please.

Senator Rubina Irfan: Sir as I was saying that the budget by this incumbent Government is like a poor description. It doesn't even look upon the expectations of the people. The people are expecting that the issues like the burning issues of inflation, price rise, corruption and of course day to day transactions would be said in this budget but I am sorry, I am really sorry the budget became just a formal and a formality for the elite class and the ruling class. It encompasses the interests of the capitalistic mindset. Sir, our people, our poor people of Pakistan, they are poor. They have nothing to eat, they want clean drinking water. The demands are simple honorable Chairman, I myself have listened to the

Finance Minister attentively. There was nothing in a speech that it should be appreciated open heartedly. There were just mere empty words, just empty words. Since five years we have been hearing these words and I don't know till when? It should have been different, I think, it should have been different, it should have been an example for the future, for the future successive Government which are going to come. I would rather say I want a good budget but the Finance Minister I don't know, he promised us things as if we are sitting in mars while we are coming from a regions which have been always deprived and neglected by the Center. The needs of my people are very simple, they want peace, security, progress, prosperity and development work but all I am so ashamed to go and face them. I have no words, I have no words to go and tell them what I have got for them and what I did here in five years? Nothing for the development, nothing, yes, all I can hear about CPEC. All, I can hear that CPEC is going to be very fruitful. We expected a lot, there was lot to be said, there is lot to be said again on the budget.

Mr. Chairman! the Finance Minister always promised us but we expected that we will be among the economic giants today but when we look back and when we look into the future, we have just started from the very beginning, there is nothing, the people are all empty. The budget, anyways we expected the wrong policies of the Government but here with this budget again the history is repeating itself. We have failed to ensure the people, we have failed to ensure the nation, what they have in future for them. Sir, the priorities of

the Government are ancient. People need no big talks, no big plans and no big projects. They just need simple, simple demands, the demands are simple; they need twice a day a meal…

Mr. Chairman: Can I have order in the House?

Senator Rubina Irfan: They need clean drinking water sir but the concept of robbing paul and paying peter it must stop here sir. CPEC which is still a secret sir by the Federal Government, it is a big secret. It should be in public like you said Senate is the highest august House, CPEC should be public, we should be told. I belong to Balochistan sir. I am one of the main stakeholders there; I am so confused regarding CPEC. My voice is my people's voice, when it comes to CPEC, I am speechless.

Sir, they talk about Gwadar, does anybody know in this august House that they don't have clean drinking water. The de-silting plant is still not working there. What are they talking about is the high rise buildings, I spoke to our colleague from the National Assembly and she really told me that I am disappointed talking to you because we had different dreams about Gwadar, we had differences but sir in Gwadar what will CPEC bring us when our own people are, the town of Gwadar is being moved to go to another place. Their livelihood is just fishing, it is their village, it is their home. Where can they go sir? Tell them to make a budget for them but sir I don't think so. Their vision when they talk about vision 2025, I don't see any vision. The Finance Minister said vision 2025. I don't still feel, they were achieved anything nor they will achieve it. I think this Government is totally a failure sir.

Sir, my colleagues on my left, they tell us, coming from Balochistan now there is another controversial I just heard other day that the Balochistan Pakhtun Baloch province. Sir, are they adding name to our province while the budget is going on or is there a budget for them to take a new name for a province? Sir, let me remind them that Shah Ahmad Abdali with Khan of Qalat, Khan Naseer Khan Noori, he made a pact that if he won the battle of *Pani Pat* then two and a half districts of *Pashtoon* divisions will be given to the Khan of Kalat for collecting revenue. Sir, if we have to change the name of Balochistan, then we don't want that revenue, we don't want that two and a half districts, we want our name.

جناب یہ ہماری پہچان ہے۔

Sir, Balochistan is our land and will be our land and it is a part of Pakistan now, because of the Balochs. Today, we are the ones who are deprived. Where education is a concern in Balochistan, the schools are just skeleton. There are no proper teachers. It is their Government sir, what are they doing for us? It's their Government. If they are ruling in the center, they are ruling in Balochistan as well. What happened in these five years? What happened to the budget, what happened to the finance, what happened to the wealth of Balochistan? They were hidden in the water tanks. If people have umbrellas for those people, if this is where they are taking Balochistan today,

کہ ان کی پشت پناہی پر ایسے لوگ ہیں کہ جنہیں ہم touch نہیں کر سکتے،

and still they are roaming free. We do not want them in our Balochistan sir. This is Pakistan; we want Pakistan to help us. We have given our land to Pakistan and what is

happening to us, to our budget, to our wealth, to our land. Sir, It's all being taken by a mafia. All I would say in the end that if they really want, they can improve Pakistan if illiteracy is taken away. Poverty is increasing , illiteracy is decreasing here. Inflation has broken the back bone of our normal man. We cannot cover everything in a bowl. Everything has been said, the facts and the figures have been said a lot. All I would say that lets be truthful to our people. Let's be truthful to our Pakistan, let's give them a budget. Let's not make the budget a future election campaign. My entire request is that a poor man of Pakistan wants a good budget and a meal a day. But here, I don't think so they have ear sir, but I should just keep mum. Thank you.

جناب چیئرمین: شکریہ۔ صالح شاہ صاحب نے کہا تھا وہ بات کریں گے، وہ کہاں ہیں؟ In the meantime Secretariat اس بات کو فنانس کمیٹی سے ascertain کرلیں اگر کل recommendations آرہی ہیں تو پھر Minister for Finance سے کہیں کہ وہ کل آکر بحث کو windup کرلیں۔ سینیٹر صالح شاہ صاحب موجود نہیں ہیں،

I am not dropping these names, but I am just taking them once, so that tomorrow whoever is presiding will be in a position to drop them. Senator Muhammad Saleh Shah, Senator Saeed Ghani, Senator Nawabzada Saifullah Magsi and Senator Zaheer-ud-Din Babar Awan. None of them is present. The House stands adjourned to meet again on Thursday the 8th of June, 2017 at 11.00 a.m.

[The House was then adjourned to meet again on Thursday the 8th of June, 2017 at 11.00 a.m]

Index

Jam Kamal Khan 16
Lt. Gen.(R) Abdul Qadir Baloch 47, 48
Senator Abdul Rehman Malik 14
Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi 15
Senator Dr. Jehanzeb Jamaldini 9, 11, 13
Senator Kamil Ali Agha 14
Senator Mian Muhammad Ateeq Shaikh 7, 10, 32, 41
Senator Rubina Irfan 49, 50, 52
Senator Sassui Palijo 22
Senator Syed Muzafar Hussain Shah 12
جناب محمد بلیغ الرحمٰن 25, 31, 32
سینیٹر بریگیڈیئر (ر) جان کینیتھ ولیمز 42, 43
سینیٹر سحر کامران 38, 39
سینیٹر سسی پلیجو 22
سینیٹر شیری رحمٰن 40
سینیٹر عبدالرحمٰن ملک 2, 35
سینیٹر لفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقیوم 37
سینیٹر میاں محمد عتیق شیخ 7, 8, 32
سینیٹر میر کبیر احمد محمد شہی 23
لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) عبدالقادر بلوچ 45